سوال

گھر میں کچھوا رکھنے کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کیا کچھوا گھر میں رکھنا نحوست ہے۔؟ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیمات کی روشنی میں نحوست کس طرح کی ہے اور کیوں۔؟

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

گھر میں کچھوا رکھنا شرعاً جائز ہے بشرطیکہ اس کی خوراک اور ماحول کا خیال رکھا جائے۔کچھوا سمیت کسی بھی چیز میں نحوست نہیں ہے۔ اسلام میں نحوست اور بدشگونی کا کوئی تصور نہیں، اس لئے کسی چیز، کام یا دن کو منحوس سمجھنا غلط ہے۔ یہ محض توہم پرستی ہے۔ حدیث شریف میں بدشگونی کے عقیدہ کی تردید فرمائی گئی ہے۔ سب سے بڑی نحوست انسان کی اپنی بدعملیاں اور فسق و فجور ہے، جو آج مختلف طریقوں سے گھر گھر میں ہو رہا ہے... اِلّا ماشاء اللہ! یہ بدعملیاں اور نافرمانیاں خدا کے قہر اور لعنت کی موجب ہیں، ان سے بچنا چاہئے۔
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتویٰ کمیٹی

محدث فتویٰ